OPBRWA/HPB (REV-06)/25

Overseas Pakistanis' Bungalows Residents' Welfare Association

سرکلر نمبر 173
تاریخ: 03 نومبر 2025

خاص جنرل باڈی اجلاس کی تفصیلات

بروز اتوار بتاریخ 2 نومبر 2025 کو بلائے جانے والا خاص جنرل باڈی اجلاس جس میں کُل 89 پرنسپل ممبران بشمول 15 خواتین ممبران نے شرکت کی جو ایسوسی ایشن آفس کے سامنے منعقد ہوا اسکی تفصیلات درج ذیل ہیں۔

۱۔ اجلاس کی کاروائی رات 9 بجے تلاوت کلام پاک سے ہوئی جسکی سعادت ہمارے F1 کے مکین جناب حیدر صدیقی صاحب نے حاصل کی۔

۲۔ اجلاس کی کاروائی کا آغاز صدر ایسوسی ایشن جناب فرحت علی خان صاحب کی اجازت سے ہوا۔ جنرل سیکرٹری جناب یونس محی الدین صاحب نے سب سے پہلے اپنی ایسوسی ایشن کی دوسالہ کارگردگی پر مختصر جائزہ پیش کیا اور پرنسپل ممبران کو دوسال میں کئے گئے کام کی تفصیلات بتائیں۔

۳۔ جنرل سیکرٹری نے صدر کی اجازت سے ایک پوائنٹ ایجنڈے پر کاروائی کا آغاز کرتے ہوئے تمام حاضرین کو آگاہ کیا کہ آئین کی شق 12(i) کے تحت موجودہ ایسوسی ایشن نے نئے الیکشن کی تاریخ 04 جنوری 2026 رکھی ہے یعنی آئیندہ الیکشن کے لئے ووٹنگ کا عمل بروز اتوار بتاریخ 04 جنوری 2026 کو ہوگا۔

۴۔ جنرل سیکرٹری نے آئین کی شق 12(v) کے تحت الیکشن کمیٹی و الیکشن چیرمین کے لئے انتخاب کے عمل کو آگے بڑھاتے ہوئے تین نام تجویز کیے جو مندرجہ ذیل تھے اور پرنسپل ممبران سے رائے مانگی کہ اگر انکے پاس الیکشن کمیٹی کے لئے کوئی اور نام ہیں تو وہ تجویز کر سکتے ہیں مگر ممبران کی جانب سے کوئی اور نام نہ تجویز کرنے پر ان ناموں پر ووٹنگ کرائی گئی جسکو کثرت رائے سے منظور کیا گیا۔

الیکشن کمیٹی کے ممبران:

جناب اختر علی خان صاحب	مکین	A9
جناب نظر علی صاحب	مکین	L3
جناب عاصم بیگ صاحب	مکین	Z5/10

اس موقع پر ڈاکٹر شفیق مرزا صاحب نے اعتراض اُٹھایا کہ الیکشن کمیٹی میں تبدیلی لانی چاہئے جس پر جنرل سیکرٹری صاحب نے جواب دیا کہ آپکی طرف سے کوئی نام تجویز نہیں کئے گئے ہیں لہذا آپکا اعتراض بنتا نہیں ہے جس پر ڈاکٹر صاحب نے الیکشن کمیٹی ناموں کو نامنظور کیا مگر اکثریت نے اوپر دیے گئے الیکشن کمیٹی کے ناموں کو منظور کرلیا۔ جنرل سیکرٹری صاحب نے اسکے بعد الیکشن کمیٹی کے **چیئرمین** کے لئے جناب **اختر علی خان** صاحب کا نام تجویز کیا جسکو اکثریت کہ ساتھ پرنسپل ممبران نے منظور کرلیا۔

۵۔ آخر میں صدر جناب فرحت علی خان صاحب نے اختتامی کلمات میں تمام حاضرین کا شکریہ ادا کیا اور اپنے بھر پور تعاون کا یقین دلایا کہ آئندہ آنے والی ایسوسی ایشن کے ساتھ وہ اور انکی ٹیم پورا تعاون کرے گی۔

اجلاس کے اختتام پر پرنسپل ممبران کی تواضع بسکٹ اور چائے کے ساتھ کی گئی۔ شکریہ

یونس محی الدین

جنرل سیکرٹری